## جب تک پاکستان میں غریب اور مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے ایماندار اور باصلاحیت افراد کی حکومت نہیں آئے گی
## اس وقت تک لوڈشیڈنگ، بیروزگاری، مہنگائی اور عوام کے دیگر مسائل حل نہیں ہوسکتے۔الطاف حسین
## جس دن محروم ومظلوم عوام میدان عمل میں آگئے تو دنیا کی کوئی بھی طاقت عوام کی طاقت کے سامنے نہیں ٹھہر سکے گی
## ہم فرسودہ اور گلے سڑا جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر پاکستان میں عوام کی حاکمیت قائم کرنا چاہتے ہیں
## اور عوام کو خاندانی اور موروثی نظام سیاست سے نجات دلانا چاہتے ہیں
## ملک کی ابتر حالت اور کچلے ہوئے عوام کی قسمت بدلنے کی واحد امید صرف اور صرف ایم کیوایم ہے
## لاہور اور گوجرانوالہ میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنوں، ذمہ داروں، طلبہ، خواتین اور وکلاء سے فون پر گفتگو

لندن۔۔۔ 22 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ جب تک پاکستان میں غریب اور مڈل کلاس سے تعلق رکھنے والے ایماندار اور باصلاحیت افراد کی حکومت نہیں آئے گی اس وقت تک ملک میں بجلی کی لوڈشیڈنگ، غربت، بیروزگاری، مہنگائی اور عوام کے دیگر مسائل حل نہیں ہوسکتے۔انہوں نے یہ بات آج لاہور اور گوجرانوالہ میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف مختلف اضلاع کے کارکنوں، طلبہ، خواتین، وکلاء اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے کارکنوں اور ذمہ داروں سے فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب کے عوام کو یہ پیغام دے رہی ہے کہ وہ اپنے حقوق کے حصول اور محرومی کے خاتمہ کیلئے عملی طور پر میدان عمل میں آجائیں کیونکہ جس دن اپنے بنیادی حقوق سے محروم ملک بھر کے مظلوم عوام میدان عمل میں آگئے تو وہ طاقتیں جو ملک میں اسٹیٹس کو برقرار رکھنا چاہتی ہیں وہ یا دنیا کی کوئی بھی طاقت عوام کی طاقت کے سامنے نہیں ٹھہر سکے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہماری جدوجہد اپنی ذات یا اپنے خاندان کیلئے نہیں بلکہ ملک اور محروم عوام کیلئے ہے، ہم فرسودہ اور گلے سڑا جاگیردارانہ اور سرمایہ دارانہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر پاکستان میں عوام کی حاکمیت قائم کرنا چاہتے ہیں اور عوام کو خاندانی اور موروثی نظام سیاست سے نجات دلانا چاہتے ہیں۔انہوں نے پنجاب کے طلبہ وطالبات، اساتذہ، وکلاء، صحافیوں، دانشوروں، ڈاکٹروں، انجینئروں، محنت کشوں اور تمام شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے عوام سے کہا کہ وہ ایک مرتبہ ایم کیوایم کے نظریہ اور فکر وفلسفہ کو بغور سنیں اور ایم کیوایم کی عملی جدوجہد کا جائزہ لیں تو وہ یقیناً اسی نتیجے پر پہنچیں گے کہ ملک کی ابتر حالت اور کچلے ہوئے عوام کی قسمت بدلنے کی واحد امید صرف اور صرف ایم کیوایم ہے۔انہوں نے لاہور، گوجرانوالہ، حافظ آباد اور سیالکوٹ میں پنجاب کنونشن کی تیاریوں میں مصروف ایم کیوایم کے کارکنوں، ذمہ داروں، خواتین، طلبہ اور وکلاء کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور انہیں فرداً فرداً شاباش پیش کی۔

## اوئے جاگیردارا''سن لے، اس میدان وچ الطاف حسین آگیا ہے۔الطاف حسین
## ایم کیوایم کے لاہور اور گجرانوالہ زونل دفاتر میں کارکنوں سے بات چیت

لاہور (اسٹاف رپورٹر) 22، اپریل 2010ء

پنجاب کنونشن کے انعقاد کے سلسلے میں لاہور، گجرانوالہ اور دیگر علاقوں میں مصروف عمل متحدہ قومی موومنٹ کے ذمہ داروں اور کارکنوں سے جمعرات کے روز خطاب کے دوران متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین انتہائی خوشگوار موڈ میں تھے اس موقع پر انہوں نے نہ صرف کارکنوں سے براہِ راست مکالمہ اور گفتگو کی بلکہ ان کے ساتھ شائستہ ہنسی مذاق بھی کرتے رہے۔ایک موقع پر ایک کارکن نے جناب الطاف حسین سے فرمائش کی کہ الطاف بھائی ''اوئے جاگیرداراں'' والی اپنی للکار ایک دفعہ اور سنادیں تو جناب الطاف حسین پہلے تو بھرپور قہقہہ لگا کر ہنسے اور پھر کہا ''اوئے جاگیرداراں سن لے اس میدان وچ الطاف حسین آگیا ہے'' روایتی جاگیرداروں کے لئے جناب الطاف حسین کی یہ للکار سن کر کارکنوں نے بہت دیر تک تالیاں بجائیں اور جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے حق میں نعرے لگا کر اس کا زبردست خیر مقدم کیا۔ایک موقع پر ایک اور کارکن نے کہا کہ الطاف بھائی ''جاگ پنجابی جاگ'' کا نعرہ کسی اور لیڈر نے لگایا تھا جبکہ جاگ پنجابی جاگ کا نعرہ لگا کر پنجاب کے عوام کو جگانے والا اصل لیڈر آپ کی صورت میں ہمیں مل گیا ہے آپ کی قیادت پنجاب ہی نہیں پورے پاکستان کی سیاست کا رخ موڑ دیگی۔اس گفتگو کے دوران جناب الطاف حسین ایم کیوایم کی حق پرست خواتین سے گفتگو کرتے ہوئے ایک مرتبہ آبدیدہ بھی ہوئے اور خواتین کارکنان کا ولولہ، ثابت قدمی اور جوش وخروش محسوس کر کے ان پر رقت طاری ہوگئی اور انہوں نے کہا کہ اس وقت میری آنکھوں میں آنسو ہیں جس

تحریک کے ساتھ اتنی باہمت اور ثابت قدم مائیں ،بہنیں موجود ہوں اس تحریک کو دنیا کی کوئی طاقت ختم نہیں کرسکتی ۔الطاف حسین نے اس دوران پنجاب کنونشن کے انعقاد کیلئے شبانہ روز محنت کرنے پر کارکنوں کو شاباش دی اورانہیں خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے متحدہ لائرز فورم کے حق پرست وکلاء کو بھی زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ وکلاء نے ماضی میں بھی ناممکن کو ممکن کر دکھایا ہے اور وہ پنجاب کنونشن کا انعقاد کرکے ناممکن کو اور بھی ممکن کرکے دکھادیں گے ۔

## بجلی کی کٹوتی غیر منطقی اقدام ہے جو کراچی مکمل تاریکی میں ڈوبودے گا،نسرین جلیل
## کراچی پاکستان کا صنعتی معاشی حب ہے کراچی سمیت پورے پاکستان سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، پریس کانفرنس سے خطاب

کراچی ۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے وفاق کی ایماء پر حبکو کی جانب سے کراچی کو بجلی کی سپلائی 300 میگاواٹ کی کٹوتی کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ کراچی کو بجلی کی فراہمی میں کٹوتی کے فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک میں بجلی کی فراہمی کو ممکن بنانے کیلئے ٹھوس اور ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کیئے جائیں ۔ یہ مطالبہ جمعرات کی شام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل ،سید شعیب احمد بخاری نے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی معین خان ،شعیب ابراہیم ،مزمل قریشی ، طاہر قریشی اور عبدالمعید کے ہمراہ کراچی پریس کلب میں ہنگامی پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔محترمہ نسرین جلیل نے توانائی بجٹ کے حوالے سے کانفرنس میں کیے گئے کراچی کی بجلی کے کٹوتی کے اقدام پر ایم کیوایم سخت احتجاج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بجلی کی کٹوتی غیر منطقی اقدام ہے جس سے روشنیوں کا شہر کراچی مکمل تاریکی یں ڈوب جائے گا۔انہوں کہا کہ کراچی کے عوام پہلے ہی بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے عذاب میں مبتلا ہیں اور سخت مشکلات وذہنی پریشانیوں کا شکار ہیں جبکہ بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ سے کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی بری طرح متاثر ہیں ۔انہوں نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے جو قومی خزانے میں ستر فیصد سے زائد ریونیو جمع کراتا ہے، وفاق کی جانب سے اس شہر میں بجلی کی فراہمی میں کٹوتی کھلی کراچی دشمنی ہی نہیں بلکہ ملک دشمنی کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ عوامی جماعت ہے جو عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ان کے مسائل اور مشکلات کے حل کیلئے کام کررہی ہے اور اس ناطے ایم کیوایم کا بنیادی فرض ہے کہ حکومت کو متنبہ کرے کہ وہ کراچی کو گھپ اندھیروں میں ڈھکیلنے اور یہاں کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بھی تباہ کرنے اقدام سے باز رکھے ۔کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی پرائیویٹائیزیشن کو ختم کرنے کے ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اس وقت اہم مسئلہ وفاق کی جانب سے 300 میگاواٹ بجلی کی کٹوتی کا ہے ہم سانپ کو پکڑ رہے ہیں اور اگر سانپ نکال گیا تو لکر پیٹنے کا کوئی فائدہ نہیں ۔انہوں نے کہا کہ کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو پہلے ہی بجلی کی کمی کا سامنا ہے جیسے پورا کرنے کیلئے شہر میں لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بدستور جاری ہے لیکن جب کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کو حبکو کی جانب سے مقررہ مقدار میں بجلی کی ہی فراہم بھی نہیں کی جائے گی تو یہ حبکو کا کراچی کے شہریوں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہوگی ۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں بجلی کا بحران روز بروز سنگین صورتحال اختیار کرتا جارہا ہے اور سندھ سمیت دیگر صوبوں پنجاب ،بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے عام عوام ہی نہیں بلکہ صنعت کار اور تاجر برادری بھی شدید احتجاج پر مجبور ہیں ،انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف احتجاج کرنیوالے غریب عوام ،صنعت کار اور تاجروں سے یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور ان کی مشکلات وپریشانیوں میں پوری طرح ان کے ساتھ ہے ۔محترمہ نسرین جلیل نے صدرمملکت آصف علی زرداری ،وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے پرزور مطالبہ کیا کہ کراچی میں بجلی کی کٹوتی کا فیصلہ فی الفور واپس لیا جائے اور سندھ سمیت تمام صوبوں کے عوام کو بجلی کے بحران اور لوڈشیڈنگ کے عذاب سے نجات دلانے کیلئے ٹھوس بنیادوں اقدامات کیے جائیں تاکہ عوام کو ریازہ سے زیادہ ریلیف ملے اور ملک میں صنعتی وتجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے ۔

## ڈاکٹر فاروق ستار کی مسلم لیگ (ن) کے رہنماء جاوید ہاشمی سے ملاقات

ملتان ۔۔۔22 اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی کنونیر ووفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء جاوید ہاشمی سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی ۔اس موقع پر ان کے ہمراہ رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا بھی موجود تھے ۔ملاقات کے کے بعد ڈاکٹر فاروق ستار نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کراچی میں ایم کیوایم کے خلاف ریاستی آپریشن کے دوران میں نے اپنی پوری روپوشی جاوید ہاشمی صاحب کی رہائش گاہ پر گزاری تھی ۔آج یہ بات بتانے کا مقصد یہ ہے کہ ہاشمی صاحب کا بحیثیت سیاسی

کارکن ہمیشہ سے ہی ہم کو تعاون حاصل رہا ہے جبکہ جاوید ہاشمی نے کہا کہ ملتان شہر ایم کیوایم کا بھی ہے اور ان کے ملتان آنے سے مثبت سیاست کا آغاز ہوگا۔ مسلم لیگ ن کے رہنماء جاوید ہاشمی نے ایم کیوایم کو ملتان شہر میں دل کی گہرائیوں سے خوش آمدید کیا اور ان کو اپنے بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

## پاکستان مسلم لیگ کے سابق صوبائی وزیر میاں سعید قریشی کے صاحبزادے اشرف سعید قریشی کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

ملتان۔۔۔22اپریل2010ء

پاکستان مسلم لیگ کے سابق صوبائی وزیر میاں سعید قریشی کے صاحبزادے اشرف سعید قریشی نے ایم کیوایم لوئر پنجاب زون آفس کا دورہ کیا اور متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا سے ملاقات کی۔ اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی ساجد احمد، وزیر اعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہار الحسن اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی بھی موجود تھے۔ افتخار اکبر رندھاوا نے اشرف سعید قریشی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم صوبہ پنجاب میں ظالمانہ فرسودہ نظام ختم کرنے کا مشن لے کر آئی ہے اور ایم کیوایم جاگیرداراں اور وڈیروں سے عوام کو نجات دلا کر رہے گی کیونکہ متحدہ قومی موومنٹ پنجاب عوام کو اختیار دینے کیلئے آئی ہے کچھ لینے کیلئے نہیں۔ اشرف سعید قریشی نے افتخار اکبر رندھاوا کو ہرممکن تعاون کا یقین دلایا اور جنوبی پنجاب میں ایم کیوایم کا خیر مقدم کیا۔

## الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے حق پرستی کا جو راستہ دکھایا ہے اسے پھیلنے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں رک سکتی، افتخار اکبر رندھاوا

ملتان۔۔۔22اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے زیر اہتمام 25اپریل کو ملتان میں ہونے والا پنجاب کنونشن ملک بھر کے مظلوم عوام کی آواز ہے تاہم اس سے پہلے ہی پنجاب بھر میں حق پرستی کے نعرے گونج رہے ہیں جو اس بات کی دلیل ہے کہ پنجاب کے مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین پر اپنے اعتماد کا اظہار کر چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار افتخار اکبر رندھاوا نے لوئر پنجاب زون ملتان آفس میں مختلف علاقوں سے آئے ہوئے کارکنوں اور طلبہ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب کے مظلوم عوام اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درمیان دوریاں پیدا کرنے والے ناکام ہو چکے ہیں اور اب پنجاب میں حق پرستی کی تحریک میں مظلوم عوام جوق در جوق شامل ہور ہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ حقیقت پسندی و عملیت پسندی اور نظریے کو مظلوم عوام سے دور رکھنے والا 2 فیصد استحصالی طبقہ دراصل یہ نہیں چاہتا کہ پنجاب کے مظلوم عوام شعور بیدار ہو اور وہ فرسودوہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی طور پر میدان میں آئیں۔ افتخار اکبر رندھاوا نے کہا کہ الطاف حسین نے ملک بھر کے عوام کو اپنے جائز حقوق کے حصول کیلئے حق پرستی کا جو راستہ دکھایا ہے اسے پھیلنے سے دنیا کی کوئی طاقت نہیں رک سکتی۔ انہوں نے صوبہ پنجاب کے عوام سے پرزور اپیل کی ہے کہ وہ 25اپریل کو ملتان میں ہونے والے ایم کیوایم کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں۔

## پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا، وسیم آفتاب بستی ملوک کے سینکڑوں نوجوانوں، بزرگوں اور معززین کی ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

ملتان۔۔۔22،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ پنجاب کنونشن جاگیردارانہ نظام کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا ایم کیوایم کی جدوجہد تیزی سے پروان چڑھ رہی ہے اور ملک بھر کے غریب، مزدور اور محنت کش ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہور ہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ملتان میں بستی ملوک میں ایک کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہم پیغام حق پرستی اور جناب الطاف حسین کا فلسفہ عملیت پسندی وحقیقت پسندی لیکر پنجاب آئے ہیں لیکن قیادت آپ کو اپنے درمیان سے ہی نکالنا ہوگی۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کے پیغام امن اور بھائی چارے کی وجہ سے پورے پاکستان کے مظلو و محکوم عوام جوق در جوق ایم کیوایم میں شامل ہور ہے ہیں کیونکہ ان کو یہ احساس ہوگیا ہے کہ 98 فیصد مظلوم و محکوم عوام کی نمائندہ جماعت اگر کوئی ہے تو وہ صرف وصرف متحدہ قومی موومنٹ ہے۔ اس موقع پر بستی ملوک سے تعلق رکھنے والی مختلف برادریوں کے معززین نے متحدہ قوم موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفے، ایم کیوایم کی پالیسیوں اور عملی جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے سینکڑوں ساتھیوں

سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان بھی کیا۔ وسیم آفتاب نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا خیر مقدم کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ حقیقت پسندی وعملیت پسندی سے تفصیلی آگاہ کیا۔ ملتان زونل کمیٹی کے ممبر راؤ فرمان، ڈسٹرکٹ ملتان کے انچارج ندیم مرزا، تحصیل انچارج راؤ عبدالقدیر نے بھی کارنر میٹنگ سے خطاب کیا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد اور منتخب عوامی نمائندوں نے علامہ اقبال ٹاؤن اور راوی ٹاؤن میں عوامی مصروفیت کے حامل مقامات پر پنجاب کنونشن کے پوسٹر، ہینڈ بلز اور الطاف حسین کی تصاویر پر مبنی پوسٹر تقسیم کئے

## ایم کیوایم فرسودہ نظام کی مستقل طور پر تبدیل چاہتی ہے، ڈاکٹر صغیر احمد کی گفتگو

لاہور۔۔۔22، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25، اپریل کو الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن کے سلسلے میں ایم کیوایم کے منتخب عوامی نمائندوں، مقامی ذمہ داروں، عہدیداروں اور کارکنوں نے لاہور کے علامہ اقبال ٹاؤن اور راوی ٹاؤن کی مختلف شاہراہوں، چوراہوں اور عوامی مصروفیات کے حامل مقامات پر عوام میں دعوتی ہینڈ بلز اور جناب الطاف حسین کی تصاویر پر مبنی پوسٹر تقسیم کئے اور انہیں پنجاب کنونشن میں شرکت کی بلمشافہ دعوت دی۔ اس سلسلے میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست صوبائی وزیر خالد عمر، حق پرست رکن سندھ اسمبلی سید رضا حید، سابق وزیر بلدیات سندھ محمد حسین اور سابق مشیر سندھ نعمان سہگل نے علامہ اقبال ٹاؤن اور راوی ٹاؤن کی مارکیٹوں میں جا کر دکانداروں اور کاروباری حضرات سے ملاقات کی اور انہیں 25، اپریل کو ہونیوالے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔ انہوں نے مشہور شاہراہوں، چوراہوں، بازاروں اور ہوٹلوں میں بھی لوگوں میں پمفلٹ تقسیم کئے ۔ اس موقع پر مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی جدوجہد کا مقصد صرف پاکستان میں چہروں کی تبدیلی نہیں بلکہ ایم کیوایم فرسودہ نظام کی مستقل طور پر تبدیلی چاہتی ہے اور سمجھتی ہے کہ عارضی تبدیلی کبھی بھی مسائل کا حل نہیں ہوسکتی۔ انہوں نے کہا کہ 25، اپریل کو لاہور میں الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ پر ہونے والا پنجاب کنونشن عوامی انقلاب کی راہ ہموار کریگا اور اس میں صوبہ پنجاب کے حق پرست عوام کی بھرپور شرکت ثابت کردے گی کہ وہ بھی فرسودہ نظام سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد کا حصہ بن چکے ہیں۔

## حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، حق پرست وزراء، ارکان اسمبلی کی حاضری، پھولوں کی چادر چڑھائی

لاہور۔۔۔22، اپریل 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان ارکان سیف یار خان، سلیم تاجک، حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف، حق پرست صوبائی وزراء سندھ فیصل سبزواری، خالد عمر، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی سید رضا حیدر، عامر معین پیرزادہ، سابق حق پرست مشیر سندھ نعمان سہگل اور سابق حق پرست بلدیات سندھ محمد حسین، ایم کیوایم لاہور زون اور ڈسٹرکٹ کے انچارج وارا کین اور متحدہ لائرز فورم کے وکلاء نے بدھ کے روز حضرت داتا گنج بخشؒ کے مزار پر حاضری دی۔ انہوں نے مزار پر فاتحہ خوانی کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور 25، اپریل کو متحدہ قومی موومنٹ کے تحت ہونے والے پنجاب کنونشن کی کامیابی کیلئے خصوصی طور پر دعا کی۔ بعدازاں مزار کے ایڈمنسٹریٹر نے متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں کو گلدستہ بھی پیش کیا۔

## بیرسٹر فاروق حسن، حشمت حبیب، اکرم قریشی، ذوالفقار بخاری اور ملک سعید حسن سمیت دیگر سینئر وکلاء سے ملاقات

## ایم کیوایم کے وکلاء کے ایک وفد کا لاہور ہائی کورٹ کا دورہ اور وکلاء کو پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت

لاہور۔۔۔22، اپریل 2010ء

حق پرست رکن قومی اسمبلی اقبال قادری ایڈووکیٹ، سابق مشیر سندھ نعمان سہگل اور متحدہ لائرز فورم کے انچارج مبین الدین قاضی ایڈووکیٹ نے جمعرات کے روز لاہور ہائی کورٹ کا دورہ کر کے سابق چیف جسٹس صاحبان اور سینئر وکلاء سمیت دیگر وکلا سے فرداً فرداً ملاقات کی اور انہیں 25، اپریل کو الحمراء آرٹس کونسل لاہور میں متحدہ قومی موومنٹ کے

تحت ہونے والے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی اور وکلاء میں پنجاب کنونشن کے دعوتی ہینڈ بلز تقسیم کئے۔انہوں نے اس موقع پر سابق جسٹس لاہور ہائی کورٹ حسن اکرم قریشی، ذوالفقار بخاری، ملک سعید حسن، بیرسٹر فاروق حسن، حشمت حبیب ایڈووکیٹ، شریف چوہان، صفدر چوہان، حسن چوہدری اور رکن قومی اسمبلی نصیر بٹہ سے ملاقات کی اور انہیں پنجاب کنونشن میں شرکت کی باضابطہ دعوت دی۔ان سینئر وکلاء نے متحدہ قومی موومنٹ کے لاہور ہائی کورٹ کا دورہ کرنے والے وفد سے آئین وقانون کے حوالے سے ملک کی موجودہ صورتحال خاص طور پر آئین میں اٹھارہویں کے حوالے سے تبادلہ خیال اور اس سلسلے میں انہیں ایم کیوایم کے مئوقف سے آگاہ کیا۔

## ایم کیوایم عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتی ہے، حیدر عباس رضوی کا لودھراں بار سے خطاب

ملتان۔۔۔22اپریل2010ء

قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدر عباس رضوی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم عدلیہ کی آزادی پر یقین رکھتی ہے اور اگر روایتی ہتھکنڈے استعمال نہ کیے گئے تو ایم کیوایم پنجاب میں طاقت ور سیاسی جماعت بن کر ابھرے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے لودھراں بار سے خطاب کے دوران کیا۔حیدر عباس رضوی نے کہا کہ اب وہ دن دور نہیں جب ملک میں صحیح معنوں میں غریبوں کی حکمرانی ہوگی اور عوام کو ان کے جائز حقوق ان کی دہلیز پر ملیں گے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا ایک اور گلدستہ 25اپریل کو پنجاب کے تین شہروں میں سجے گا جہاں پنجاب کے ہاری، کسان اور مظلوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین سے اپنی والہانہ عقیدت ومحبت کا اظہار کریں گے۔

## پنجاب کنونشن پاکستان کی تاریخ میں اہم ترین دن ثابت ہوگا جو سیاست میں انقلابی ہلچل برپا کریگا، ارکان قومی اسمبلی

## ایم کیوایم کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کا ملتان کے مختلف بازاروں کا دورہ، 25اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے پمفلٹ کی تقسیم

ملتان۔۔۔22اپریل2010ء

متحدہ قوم موومنٹ کے تحت ملتان میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی تیاریاں جاری ہیں اس سلسلے میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی صلاح الدین، ڈاکٹر ایوب شیخ، حق پرست صوبائی وزیر سندھ خالد بن ولایت، زبیر احمد، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور ایم کیوایم ملتان زون کے ذمہ داران وکارکنان نے ملتان کے مختلف بازاروں میں متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25اپریل کو ہونے والے پنجاب کنونشن کے دعوتی ہینڈ بلز عوام اور دکانداروں میں تقسیم کیے۔ملتان کے عوام نے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کو اپنے درمیان میں دیکھ کر خوشگوار حیرت کا اظہار کیا اور اپنے مسائل سے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کو آگاہ کیا۔ارکان قومی اسمبلی نے عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم جنوبی پنجاب کے عوام کے مسائل ہی حل کرنے یہاں آئی ہے اور انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب حقوق سے محروم 98فیصد ملتان کے عوام کو بھی ان کے جائز حقوق ان کی دہلیز پر ہی ملیں گے۔بازاروں اور دیگر علاقوں میں عوام نے حق پرست ارکان قومی اسمبلی کا استقبال کیا، ان پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور پنجاب کنونشن میں شرکت کا یقین دلایا۔

## متحدہ محاذ آرائی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل پیرا ہے، اراکین اسمبلی پنڈی محلّہ میں کارنر میٹنگ سے خطاب

راولپنڈی۔۔۔22، اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے تحت 25اپریل ہونے والے پنجاب کنونشن کے سلسلے میں عوامی رابطہ مہم کا سلسلہ پورے جوش وخروش سے جاری ہے اور اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم اپر پنجاب زون کی جانب سے ڈسٹرکٹ پنڈی محلّہ ڈھوک حسو میں کارنر میٹنگ منعقد کی گئی جس میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ندیم احسان، رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم اور راولپنڈی ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران نے شرکت کی۔کارنر میٹنگ میں علاقے کے عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی اور پنجاب کنونشن میں اپنی بھرپور شرکت کا یقین دلایا۔اس موقع پر حق پرست ایم این اے ڈاکٹر ندیم احسان اور ایم این اے مقیم عالم نے عوام کو 25اپریل 2010 کو پنجاب کنونشن کی دعوت دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے بارے میں بتایا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ محاذ آرائی کی سیاست پر یقین نہیں رکھتی بلکہ جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور ایم کیوایم پنجاب میں قائد تحریک الطاف حسین کا پیغام پھیلانے آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک کے عوام کو جو نظریہ دیا ہے اس پر عمل پیرا ہو کر ملک کو ترقی وخوشحالی پر گامزن کیا جاسکتا ہے۔عوامی رابطہ مہم میں موجود شرکاء نے پنجاب کنونشن میں بھرپور شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی بلکہ اپنے رشتہ داروں اور دوستوں کو بھی شرکت کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

## ملک سے فرسودہ اور دوہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے تحت ہی ممکن ہے، ندیم احمد خان

## اے پی ایم ایس او کے رہنماؤں کا ننکانہ صاحب میں مختلف کالجوں کے طلباء کے اجتماع سے خطاب

## طلباء کو پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت

ننکانہ۔۔۔22،اپریل2010ء

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے رہنماؤں کا ننکانہ صاحب میں مختلف کالجوں کا دورہ کیا اور طلباء کو 25،اپریل کو الحمراء آرٹس کونسل لاہور میں ہونے والے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی۔ اجتماعات سے اے پی ایم ایس او کے سینئر وائس چیئر مین ندیم احمد خان نے خطاب کیا جبکہ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کی مرکزی کمیٹی کے رکن توصیف اعجاز اور اے پی ایم ایس او کے مقامی ذمہ داران بھی موجود تھے۔ ندیم احمد خان نے کہا کہ ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ اور دوہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ صرف قائد تحریک الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے تحت ہی ممکن ہے۔ انہوں نے طالب علموں سے کہا کہ 62 برس سے رائج موروثی سیاست نے ملک کو کھوکھلا کر کے رکھ دیا ہے، ایم کیو ایم نے غریب و متوسط طبقے کی قیادت کو متعارف کرایا ہے اور انہیں اسمبلیوں میں بھیج کر عوام کے بنیادی مسائل کے حل کیلئے جو کارنامہ انجام دیا ہے وہ تاریخ کا حصہ بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کا پنجاب کے مظلوم عوام نے زبردست خیر مقدم کیا ہے اور اب پڑھے لکھے ہاریوں، کسانوں کو بھی اسمبلی میں جانا ہوگا اور اپنے مسائل کے حل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کے پلیٹ فارم سے عملی جدو جہد کرنا ہوگی۔ انہوں نے طلباء سے اپیل کی کہ وہ 25، اپریل کو الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ پر ہونے والے پنجاب کنونشن میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں اور انشاء اللہ اب وہ دن دور نہیں جب قائد تحریک کی ولولہ انگیز قیادت میں صوبہ پنجاب کے غریب و متوسط، پڑھے لکھے اور باشعور افراد اسمبلیوں میں جائیں گے۔

## تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنماؤں کی لاہور میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سے ملاقات

## ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے وفد کو پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی

لاہور۔۔۔22،اپریل2010ء

تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنماؤں خالد گل اور محمد فاروق نے جمعرات کے روز متحدہ قومی موومنٹ لاہور زون کے دفتر میں حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی رشید گوڈیل، سید رضا حیدر، معین عامر اور مرکزی شعبہ اطلاعات کے جوائنٹ انچارج سیف عباس سے ملاقات کی۔ اس موقع پر ایم کیو ایم کے رہنماؤں نے معزز مہمانوں کو 25، اپریل کو الحمراء آرٹس کونسل مال روڈ لاہور میں ہونیوالے پنجاب کنونشن میں شرکت کی دعوت دی جو انہوں نے قبول کر لی اور یقین دلایا کہ ان کے دیگر ذمہ داران، کارکنان اور برادریوں کے افراد بڑی تعداد میں شریک ہوں گے۔ معزز مہمانوں نے ہزارہ صوبے کی حمایت پر قائد تحریک الطاف حسین سے اظہار تشکر بھی کیا۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے اسلام آباد اور راولپنڈی کے پسماندہ علاقوں میں طبّی سہولیات کے کیمپس قائم کر دیئے

لاہور۔۔۔22،اپریل2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر اسلام آباد اور راولپنڈی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے فری میڈیکل کیمپ لگائے گئے۔ پہلا میڈیکل کیمپ اسلام آباد کے دیہی علاقے اقبال ٹاؤن میں لگایا گیا جبکہ دوسرا میڈیکل میڈیکل کیمپ راولپنڈی میں لگایا گیا جس میں ماہر ڈاکٹرز کی ٹیم نے لوگوں کا تفصیلی معائنہ کیا اور مریضوں میں ادویات مفت فراہم کیں۔ میڈیکل کیمپس صبح سے شام تک جاری رہے جس سے علاقے کے بزرگ، نوجوانوں، خواتین اور بچوں نے استعفادہ کیا۔ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے طبّی سہولیات سے استعفادہ کرنے والوں افراد نے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کا شکریہ ادا کیا اور ان کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم الطاف حسین کے بے حد ممنون و مشکور ہیں کہ انہوں نے کراچی سے خصوصی طور پر ماہر ڈاکٹرز کی ٹیمیں ان کے پسماندہ علاقوں میں بھیجی تاکہ غریبوں کو بھی علاج و معالجے کی سہولیات مل سکیں۔ اس موقع پر میڈیکل ایڈ کمیٹی کے رکن فریدالدین، ضلعی کمیٹی اسلام آباد کے انچارج و اراکین کے علاوہ کارکنان بھی موجود تھے جبکہ ڈاکٹروں کی ٹیم میں ڈاکٹر راحیل ہاشمی، ڈاکٹر محمود اور ڈاکٹر عرفان کے علاوہ پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان بھی شامل تھے۔

## متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو موجودہ مسائل نکال سکتی ہے، بابر خان غوری

### انجمن تاجران نرنکاری بازار کے استقبالیہ سے خطاب

اسلام آباد۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم ) کے اراکین رابطہ کمیٹی، وفاقی وزراء، حق پرست اراکین اسمبلی کے اعزاز میں انجمن تاجران نرنکاری بازار نے ایک استقبالیہ دیا ،جس میں رکن رابطہ کمیٹی کنور نوید جمیل، وفاقی وزیر پورٹس وشپنگ بابر خان غوری، حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے شرکت کی، استقبالیہ کا اہتمام وفاقی دارالحکومت کے سیکٹر ایچ ایٹ میں کیا گیا تھا، سرپرست اعلیٰ انجمن تاجران نرنکاری بازار خواجہ محمود احمد وقار، صدر شیخ محمد صداقت، جنرل سیکرٹری شیخ الیاس، حاجی قاسم پراچہ، حاجی جہانگیر، شیخ جمشید اسلم سمیت انجمن تاجران نرنکاری بازار کے تاجروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، اس موقع پر اپنے خطاب میں متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں نے کہا کہ دنیا میں جب کبھی بھی مظلوموں، کچلے اور کسمپرسی کا شکار لوگوں نے جدوجہد کا آغاز کیا تو تبدیلی ان کا مقدر بنی کیوں کہ بہتری کے لئے آسمان سے فرشتوں نے نہیں آنا بلکہ غصب شدہ حقوق کے حصول کے لئے آگے بڑھ کر جدوجہد کرنا ہوگی۔ دنیا میں جہاں کہیں اقوام نے جدوجہد کی، مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے قربانیاں دیں اور ہمت نہیں ہاری، ڈٹے اور متحد رہے تو بالآخر فتح ان کا مقدر بنی لیکن اس کے لئے ثابت قدمی اور صحیح جذبے کا ہونا ضروری ہے۔ پنجاب کے عوام کے اٹھ کھڑے نہ ہونے کا اکثر طعنہ دیا جاتا تھا، اس کفر کو حق پرست توڑ رہے ہیں۔آج دنیا دیکھ رہی ہے کہ دس، بیس یا پچاس ساتھی ہی کیوں نہ ہوں لیکن وہ اپنے گھر بار چھوڑ کر کسی ستائش کے بغیر کام کر رہے ہیں۔ یہ ہی لوگ انقلاب کے سچے سفیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ پنجاب اب پنجاب کے محروم اور مظلوم عوام کے ہاتھ میں آنے والا ہے۔انجمن تاجران نرنکاری بازار کے صدر شیخ محمد صداقت نے متحدہ قومی موومنٹ کا شکریہ ادا کیا اور قائد تحریک کے فکر و فلسفہ کی تعریف کی اور کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ہی وہ واحد جماعت ہے جو پاکستان کو موجودہ مسائل کی گرداب سے نکال سکتی ہے۔

## حق پرست ارکان اسمبلی کا راولپنڈی واسلام آباد کے اضلاع میں کارنر میٹنگز سے خطاب

اسلام آباد۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم ) کے 25اپریل کو ہونے والے کنونشن کی تیاریوں کے سلسلے میں جڑواں اضلاع میں کارنرز میٹنگز کا سلسلہ عروج پر پہنچ گیا ہے، اراکین رابطہ کمیٹی، صوبائی تنظیمی کمیٹی، وفاقی وصوبائی وزراء اور حق پرست اراکین اسمبلی کا خطاب، عوام کی جانب سے جوش وخروش کا مظاہرہ کیا جا رہا ہے، راولپنڈی اسلام آباد کی تاریخ میں پہلی دفعہ یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ وفاقی وزراء سینیٹرز، ایم این ایز، صوبائی وزراء اراکین صوبائی اسمبلی اور کارکنان ایک ساتھ مل کر کنونشن کی تیاریوں میں مصروف ہیں گزشتہ روز بھی راولپنڈی واسلام آباد کے اضلاع میں کارنر میٹنگز ہوئیں، ضلع راولپنڈی کے علاقے ڈھوک حسو میں ہونے والی میٹنگ میں حق پرست رکن قومی اسمبلی ندیم احسان، ممبر سندھ اسمبلی مقیم عالم ضلعی انچارج ذوالفقار راجپوت، جوائنٹ انچارج سلیمان اقبال، ضلع اسلام آباد کے ماڈل ویلج سید پور میں ہونے والی میٹنگ سے صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج سینٹر محمد علی بروہی، ممبر اپر پنجاب زونل کمیٹی کیپٹن (ر) رحیم، حق پرست رکن اسمبلی خوش بخت شجاعت، صوبائی وزیر اوقاف سندھ عبدالحسیب خان، ضلعی انچارج شہاب امیر، جوائنٹ انچارج افتخار خان، جبکہ ضلع اسلام آباد میں جی نائین سیکٹر میں ہونے والی کارنر میٹنگ سے حق پرست رکن قومی اسمبلی ندیم احسان، ممبر سندھ اسمبلی مقیم عالم، ضلعی انچارج شہاب امیر، جوائنٹ انچارج افتخار خان نے خطاب کیا۔کارنر میٹنگز میں عوام کی جانب سے شدید جوش وخروش کا مظاہرہ کیا گیا اور فضا جئے الطاف جئے متحدہ سے گونجتی رہی اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ ایم کیو ایم ایک نظریے کا نام ہے جس کا مقصد مظلوم محکوم طبقے کو بااختیار بنانا ہے، انقلاب راتوں رات نہیں آتے ہیں بلکہ اس کے لیے برسوں جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔ جو انقلاب راتوں رات آتے ہیں وہ رات سے آگے نہیں چلتے، پاکستان میں فرسودہ، جاگیردارنہ نظام کے لیے خاتمے کے لیے مظلوم ومحکوم عوام کا انقلاب دستک دے رہا ہے۔اس موقع پر عوام نے 25اپریل کو ہونے والے کنونشن میں بھرپور انداز میں شرکت کی یقین دہانی کرائی۔

## کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کے برخاست ملازمین کی لیبر ڈویژن سے ملاقات

کراچی۔۔۔22،اپریل2010ء

کراچی الیکٹرک سپلائی کمپنی کی جانب سے نوکریوں سے برخاست کیے گئے 294افسران کے نمائندہ وفد نے گزشتہ روز متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے اراکین سے خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد لیبر ڈویژن کے آفس میں ملاقات کی اور نوکریوں سے برخاست کیئے جانے والے ملازمین کے مسائل سے آگاہ کیا۔وفد کے ارکان نے بتایا کہ کراچی الیکٹرسپلائی کمپنی کی انتظامیہ نے294افسران کو جنبش قلم نوکریوں سے برخاست کر کے انہیں اضطراب وسراسیمگی کی کیفیت سے دوچار کر دیا ہے۔ لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی کے اراکین عمران خان، کمال الدین، آصف سلیمان خان، تحسیم الحق خرم نے ان کے تمام مسائل اور پریشانیوں کو بغور سنا اور انہیں یقین دہانی کرائی کہ متحدہ قومی موومنٹ آپ

کے جائز مسائل کے حل،نوکریوں پر بحالی اور ملازمین کے حقوق ومراعات کے لئے اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی اور ہر فورم پر آواز اٹھاتی رہے گی۔انہوں نے انتظامیہ سے پرزور اپیل کی کہ قانون وضوابط سے مبرا اس عمل پر نظر ثانی کر کے تمام افسران کو ان کی نوکریوں پر بحال کیا جائے۔لیبر ڈویژن نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلی سندھ سید قائم علی شاہ سمیت حکام بالا سے مطالبہ کیا کہ تمام افسران کو ان کی نوکریوں پر بحال کرانے میں ہم کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆